افکار و تاثرات

قارئین بنام مدیر

الحق کا خصوصی نمبر_ قابل تحسین کوشش

پاکستان کی "گولڈن جوبلی" کے موقع پر بڑی محنت، لگن، جدوجہد، انتہائی خلوص، قومی، ملکی، ملی ہمدردی اور مخلصانہ جذبات کے ساتھ "الحق" کا خصوصی شمارہ شائع کرنے پر بندہ کیطرف سے "ارباب الحق" کو لاکھوں دلی مبارک بادیں قبول ہوں۔ "الحق" کا یہ خصوصی شمارہ اپنے معمول کے شماروں کے لحاظ سے ہی خصوصی نہیں بلکہ "جوبلی" کے موقع پر ملک میں شائع ہونے والے تمام خصوصی شماروں کے اعتبار سے بھی خصوصی ہے۔ آپ نے "الحق" کا خاص نمبر شائع کرکے جہاں تشنگان علم پر یقیناً ایک بہت بڑا احسان کیا وہیں پاکستانی عوام کی صحیح اور حقیقی راہنمائی بھی فرمائی۔ اور قوم کو قیام پاکستان کے پس منظر، پیش منظر، طے منظر سے آگاہ کیا۔ وطن عزیز کے قیام کیلئے علماء حق علماء دیوبند کی پرخلوص قربانیوں سے پردہ اٹھاکر ان زبانوں پر تالے لگادیے ہیں علماء حق پر "مخالفت پاکستان" جیسے الزام تراشتی رہتی ہیں۔ خصوصی شمارہ گویا ظلمت کدہ میں حق کی شمع فروزاں ہے۔ جوبلی کے نام پر بے سود، بےوقت، بےہنگام ہنگامہ آرائی اور شوروغوغا میں دعوت فکر اور مستقبل میں صحیح راہ اپنانے کا پیام ہے۔ موسم خزاں میں امید فصل بہار، نظریہ پاکستان فراموش کرنے والوں کیلئے یاددہانی ہر لائبریری کی زینت، مختلف عنوانوں کے پھولوں سے سجاہوا گلدستہ، جس کا ایک ایک حرف اور لفظ باطل کی دنیا پر برق ورعد بن کر گرنے والا، نفاق کے پردے تارتار کرنے والا، قوم کو خواب غفلت سے بیدار کرنے والا اور ایک ایسی تاریخی دستاویز کہ تاریخ کا دامن جسے یقیناً محفوظ کرے گا۔ طالبان علم اور تاریخی حقائق وواقعات کی جستجو کرنے والوں کیلئے اہم ترین ضرورت اور ایسی ضرورت کہ بوقت ضرورت طالب علم کو اس کا بالضرور مطالعہ کرنا پڑے گا۔ منتظمین "الحق" نے خصوصی شمارہ شائع کرکے "الحق" کے نام کی لاج رکھتے ہوئے اس کا حق ادا کردیا۔ اب ہر علم دوست یہ کہنے کا حق رکھتا ہے کہ واقعتاً "الحق" اسم بامسمّی ہے۔ دعاہے کہ خلاق عالم اسے شرف قبولیت بخشے۔ (آمین)

محمد اسداللہ ڈچکوٹی۔ جامعہ مدینۃ العلم، فیصل آباد